# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: درخت لگائیں ماحول بچائیں | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم" تصویریں، لفظی جیب، سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چار درختوں کی تصویریں لے کر انھیں چار برابر حصوں میں کاٹ لیں۔ جماعت کے بچوں میں تصویر کے تراشے، سادہ شیٹیں اور گلو تقسیم کر دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان تصاویر کو جوڑیں اور گلو کی مدد سے شیٹوں پر چسپاں کریں اور ان کے بارے میں ایک ایک جملہ سوچیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے ایک ایک بچے کو بلائیں۔ اسے اپنے لکھے جملے جماعت کے سامنے بولنے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- کیا آپ کو پودے لگانے کا شوق ہے؟
- آپ کے گھر میں کون کون سے پوْدے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- بچوں کے تین گروہ بنادیں۔ سبق کو تین حصوں میں تقسیم کر دیں۔
- اب 3 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی خواندگی کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے مختلف سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: درخت لگائیں ماحول بچائیں | |
| **مقاصد:** الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، گتے کا ڈبا، الفاظ کے کارڈ اور اسٹکی نوٹ | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں میں "الفاظ" اور دوسرے میں "معانی" لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 47 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "للچانا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور اس کا معانی لکھیں: لالچ کرنا۔ اسی طرح مشق یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق کے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

| |
|---|
| • اب بورڈ پر یہ سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے 2 سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوال کا جواب کاپیوں پر لکھیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: درخت لگائیں ماحول بچائیں | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 53 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 53 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہوگی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہوگی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: یہ کتاب میری نہیں | |

**مقاصد:** کہانی سن کر اہم نکات سنا سکیں۔

تصاویر دیکھ کر اظہارِ خیال کر سکیں۔

الفاظ کے آخری حرف سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، تصویری کہانی کے فلیش کارڈ، سادہ شیٹیں۔ پلاسٹک کی تھیلیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ انھیں گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی کا نام دے دیں۔
- اب گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی سے کہیں کہ آپ انھیں کہانی سنائیں گے / گی۔ انھیں غور سے کہانی سننی ہے۔ اس کے بعد ان سے کہانی سے متعلق مختلف سرگرمیاں کروائی جائیں گی۔
- سبق بچوں کو دل چسپ انداز میں سنائیں۔ اب دونوں گروہوں کو ایک ایک باجا دے دیں۔ ان سے کہیں کہ ان سے کہانی سے متعلق مختلف سوالات پوچھے جائیں گے۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے گا، اسے جواب دینے کا موقع دیا جائے گا۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہوں گے۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ سوال نمبر 5 کے تحت دی گئی تصویری کہانی کے فلیش کارڈ پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں کہانی سے متعلقہ تمام تصویریں ہوں۔
- دونوں گروہوں کو یہ تھیلی دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے تصویریں نکال کر بتائیں ک ان تصاویر میں کیا ہو رہا ہے؟ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ اسے تصویریں بورڈ پر چسپاں کرنے اور ان سے متعلق اپنے گروہ کی بنائے ہوئے جملے سنانے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہی سرگرمی دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔ درست جملے بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔

- اب بورڈ پر سوال نمبر 6 کے تحت دیا گیا لفظ "خوب" لکھیں اور پڑھائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اس کی آخری آواز "ب" سے دو نئے الفاظ بنائیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- اب بورڈ پر اس لفظ کے سامنے الفاظ "صاف، درخت، مسکن، انعام" لکھیں اور پڑھائیں۔
- اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔ ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ الفاظ بولیں گے / گی۔ انھیں الفاظ کو غور سے سننا ہے اور ان کی آخری آوازوں سے دو دو نئے الفاظ بنانے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) تصویری کہانی کے فلیش کارڈ ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلائیں۔ انھیں ٹوکری میں سے کوئی سی بھی تصویر، اٹھانے اور اس میں دکھائے گئے منظر سے متعلق ایک جملہ بتانے کے لیے کہیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: درخت لگائیں ماحول بچائیں | |

**مقاصد:** کلمہ اور مہمل میں فرق کر سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم" چارٹ پیپر کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی سٹرپس، تصویری فلیش کارڈز، ڈسک، گیند

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب بورڈ پر لکھیں "اگر درخت نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟"
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔ اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔ خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے۔ اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی، اس بچے سے پوچھے گئے سوال کے بارے میں ایک جملہ بولنے کا کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بورڈ پر جملے لکھیں:

باغ سے پھول شول مت توڑو۔ یہ سبزی وبزی تازہ نہیں۔

- بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ان جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کلمہ ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کوئی معنی رکھتے ہوں۔ انھیں "کلمہ" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- اب بچوں کو بتائیں کہ اوپر دیے ہوئے جملوں میں سرخ رنگ سے نمایاں کیے گئے الفاظ مہمل ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جن کے کچھ معانی نہ ہوں، لیکن جب وہ کلمہ کے ساتھ ملیں تو معانی پیدا کریں۔ انھیں "مہمل" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- بچوں کو اپنے ارد گرد کا جائزہ لینے اور چند چیزوں کے نام بتانے اور ان کے ساتھ مہمل لگانے کی ہدایت دیں۔ جیسے: پنکھا، شنکھا اور چھت، وت وغیرہ۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں کلمہ کی، دوسرے میں مہمل کی سرخی لکھ دیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں سے کلمہ اور مہمل کو ملوائیں۔<br>• آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کھولیں اور سوال نمبر 9 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کلمہ اور مہمل پر مشتمل الفاظ لکھیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے کلمہ اور مہمل الگ الگ کروائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | اسباق کے نام: ایک میلا (نظم)، ہر اک کی شان نرالی، یہ کتاب میری نہیں، درخت لگائیں ماحول بچائیں (دہرائی) | | |

**مقاصد:** تمام اسباق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:** (3 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر تمام اسباق کے الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (3 منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ مندرجہ بالا تمام اسباق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام اسباق میں سے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح اسباق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں تمام اسباق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0 منٹ) N/A

**جائزہ:** (2 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

30منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بھیڑ | | بحث | |
| ویران | | رنگین | |
| ماحول | | کھاد | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں

1۔ فصلیں کس موسم میں پکتی ہیں؟

2۔ موسموں کی ملکہ کس موسم کو کہتے ہیں؟

3۔ شجر کاری کسے کہتے ہیں؟

4۔ پودوں کے کوئی سے دو فائدے بتائیں۔

(ج) مثال کے مطابق عددی ترتیب لکھیں۔

| | اعداد | عددی ترتیب | | |
|---|---|---|---|---|
| مثال: | گیارہ | گیارھواں | گیارھِویں | گیارھویں |
| | تیرہ | | | |
| | پندرہ | | | |
| | اَٹھارہ | | | |
| | بیس | | | |

(د) کالم (الف) میں موجود "کلمہ" کو کالم (ب) میں موجود متعلقہ "مہمل" سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| گُڑیا | شر |
| موٹا | وربت |
| بازار | شوٹا |
| گھر | وڑیا |
| شربت | وازار |

(ز) دیے ہوئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں اور آخری حرف سے نیا لفظ بنائیں۔

| الفاظ | حُروف | | | | نیا لفظ |
|---|---|---|---|---|---|
| مُرغ | | | | | |
| ڈھول | | | | | |
| صحن | | | | | |
| میٹھے | | | | | |

(ی) دیے ہوئے مؤنث واحد اسماء کی جمع لکھیں۔

| مؤنّث واحد اسماء | جمع | مؤنّث واحد اسماء | جمع | مؤنّث واحد اسماء | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| چھڑی | | مُرغی | | بکری | |
| تِتلی | | کُرسی | | بیوی | |

(ہ) دیے ہوئے جملوں میں درست جگہوں پر علامتِ وقفہ اور سکتہ لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

الف) آپ مُقابلے میں شریک نہ ہوئے ورنہ کامیابی یقینی تھی۔ ______

ب) قلم کتاب پنسل اور کاپیاں بستے میں رکھو۔ ______

ج) امیر ہوں یا غریب قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔ ______

د) لاہور ملتان سیال کوٹ اور گجرات پنجاب کے اہم شہر ہیں۔ ______